54

Good

میوزیکل پکچرز کا بہترین شاہکار

جیون جیوتی

जीवन - ज्योति

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

اداکاران :۔ چاند عثمانی، ششمی کپور۔ لیلا میرا وغیرہ وغیرہ

سٹوری :۔ "رنیا" اُتر پردیش میں ایک چھوٹا سا گاؤں ہے آیئے کچھ دیر کے لئے ہم آپکو "رنیا" لے چلیں۔ وہاں ایک عظیم الشان پُرانی حویلی ہے۔ جسمیں ایک بُوڑھی ودھوا رہتی ہے جس کے ایک ہی بیٹا ہے۔ جو دیکھنے میں خوبصورت اور شُشیل ہے۔ جس کا نام ہے شیام سُندر۔ لے دے کے ایک شیام سُندر ہی بوڑھی ودھوا کی آنکھوں کا تارا ہے۔ اور وہی اپنی ماں کا سہارا تھا۔

گانے

نمبر ۱

او لگ گئیں اکھیاں تم سے موری

او مورے بلم او مورے صنم۔ او مورے سجن۔ لگ گئیں .....

شرم کھو گئی لاج کھو گئی۔ ہائے ہائے ہائے رام۔ ہائے رام

میں تو دُنیا سے ہی آج کھو گئی

اہاہاہا۔ یہ کہانی نئی۔ ذرا سُن لو بھئی

ساری دُنیا سے ہی یہ تو کھو گئی پر کس لئے۔ او لگ گئیں ...

آج میری نظر کو چمک مل گئی۔ دیکھو اک میٹھی میٹھی کسک مل گئی

من کے تاروں میں لہرائی مستی کی دُھن

ان گنت پائلیں بج اُٹھیں چھُن چھنن ۔

ادمیرے ...... تم سے ......

نمبر۲

بلمانے من ہر لینا۔ کیسا جادُو کینا رے ۔ موہے موسے چھینا رے
ہو نینن سے اِک رنگ سا اُمڑے ۔ اور جگت پر چھائے
ساری دُنیا ایک نشیلا سپنا بنتا جائے ۔ نس نس رس بھور دیا
کیسا جادُو ....

کون دیس کا باسی ہے تُو کون گگن کا تارا
تیری جیوتی سے من مندر میں پھیل گیا اُجیارا
جگمگ ہو گیا جینا ۔ کیسا جادُو کینا رے

نمبر۳

ساری خوشیاں ساتھ آئیں آپ جب آئے
میرے دل کی دھڑکنوں نے پھُول بکھرائے
تم سے ملکر آرزوں پر نکھار آنے لگا
آپ اپنی زندگی پر ہمکو پیار آنے لگا
مِل گئیں ہیں آنکھ تو پھر دل بھی ملجائے ۔ ساری ....
زندگی کی دُھوپ میں چاہت کا سایہ مِل گیا
جو ہے اپنوں سے بھی پیارا وہ پرایا مِل گیا

آج چنچل روپ میرا کیوں نہ اِترائے۔ ساری خوشیاں....

جو کبھی نہ آئے تھے ایسے خیال آنے لگے

جاگتی آنکھوں میں بھی اب خواب لہرانے لگے

اِک نظر میں ہم تو گھائل ہو گئے۔ ہائے ساری......

نمبر ۴

چھائی کاری بدریا بیر نیا ہو رام

گگن بید الگنوا جھکن لاگے ہو۔ مورے سجنا بدلیوا تے نہ آئے ہو

چھائی کاری ....

جھکنوں پہ ساون کی رُت آئی رے۔ رتیاں جگاون کی رُت آئی رے

کچھ کہو کے پاون کی رُت آئی رے۔ مورے سجنا....

جا سے کوئی پیا کو لادے سکھی۔ اکیلے بیں کچھ ناہیں بھاوے سکھی

ہائے بِرہا بون جی جلا دے سکھی۔ مورے سجنا....

نمبر ۵

من ختنیں نیناں سپھل جوڑی جگ شہائے

شستدر چھبی ہر دے بسی نینن نہیں سمائے

او دیکھو دیکھو نظر لگ جائے نا۔ بیرن کو نظر لگ جائے نا

انہیں پلکوں کی اوٹ بٹھا لو۔ انہیں انکھیوں کی اوٹ چھپا لو

بیرن نظر............

ہنس ہنس کے باندھو یو رس کا بندھن
دیکھو بندھن کہیں کھل جائے نا۔ نظر ....
رگھو نندن پھیرے پھرے جنک نندنی سنگ
لکھیاں اُمڑا سیس دیں۔ بہیں جمنا اور گنگ ۔ نظر...
سونے کی جھاریاں ہیں چاندی کی تھاریاں
رچکے بوجھا پردیس کنواریاں
ہو دیکھو چھیڑ دنا بنی شرمائے نا۔ نظر.......
بھابھی اچلا پھلوتی بھیا اچل سہاگ بسدھ بدھ میری سو گئی
جاگ اُٹھے ہیں بھاگ ۔ نظر....
سنگ رگھو نندن کے سیتا سہائے رے
جوڑی کو دیکھ جیا بلہاری جائے رے
ہو کہیں کومل کلی کمہلائے نا ۔ نظر لگ جائے نا
نین بند آنند کے کھل گئے من کے دوار
منگل بھکتا مانگتی ہری سے ہاتھ پسار

نمبر ۶

چاندنی کی پالکی میں بیٹھ کر کوئی آنے والا ہے
تصویریں بنتی ہیں۔ کرنیں سی جھنتی ہیں۔ میرے خیالوں میں آج
ممتا کی باہوں میں۔ جیون کی راہوں میں ۔ کوئی آنے والا ہے

میرے سوالوں میں ہے خوشبو، ننھے منے سوالوں کی
دھیرے دھیرے ایک مورت بن رہی ہے آس کی ۔ ممتا ......
من کے سپنے پھول بن کے پھوٹے تن کی ڈالی سے
گنگن کر مست جھونکے کہہ رہے ہیں پیار سے ۔ ممتا کی ......
جیوت سے اک جیوت جاگی کلپنا کی راہ میں
بڑھ گیا اک اور بندھن دو دلوں کی چاہ میں ۔ ممتا کی ...

نمبر ۷

سو جا رے سو جا مری انکھیوں کے تارے ۔ راج دُلارے
راج دُلارے ۔ ہو تو ہے سپنوں کی نگری سے چندا پکارے سو جا ...
پریوں کے بالک تاروں کے کھلیں میں تجھ کو بلانے آئے چندا کے دیس میں
چندا کے دیس میں سپنوں کا راج ہے ۔ تیرے منوں کیلئے پھولوں کا تاج ہے
راج دُلارے تو ہے ......
بھور بھئے جب چندا کے گاؤں سے ۔ لوٹ کے آئیگا تو ننھے منے پاؤں سے
گودی میں لے کے تجھ کو ماں نہلائیگی ۔ پیاری پیاری انکھیوں میں کجرا لگائیگی
راج دُلارے ....
دھیرے دھیرے جب تو تتلا کے بولیگا ۔ میٹھی میٹھی باتوں سے جیا میرا ڈولیگا
چھوٹا سا گڈا میرا اسکول جائیگا ۔ بابو بنے گا اور انعام پائے گا
راج دُلارے ....

دُولہا بنے گا میرا ننھا سا راجہ ۔ انگنا میں خوشیوں کا باجیگا باجہ
بڑی سی دُلہن گھونگھٹ میں آئیگی
ماں واری جائے گی گردا لگائے گی
سو جا رے سو جا ۔ راج دُلارے . . . . .
ریشم کی ڈوری ہے چاندی کا پالنا
پیار ہنڈ ولے سدا جھولے میرا لالنا
جیون کے پھول کھلیں ٹھنڈی ہواؤں میں
پھولے پھلے تو میرے آنچل کی چھاؤں میں
راج دُلارے او تو ہے . . . .
(ختم شد)

سینما سنگیت

جس کے اندر بولتی فلموں میں گائے ہوئے ۵۲۵ وہ دلکش گانے درج کئے ہیں۔ جنہیں ۲۵۰ بہترین فلموں میں سے چُنا ہے۔ اور جن کو زمانہ حال کے مشہور ستارے۔ مثلاً "نرگس کامنی کوشل، ثریا، گیتا بالی، نمی، ممتاز شانتی۔ نورجہاں مدھوبالا۔ اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ ماسٹر سہگل۔ کرن دیوان۔ موتی لعل۔ وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جن کو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔ ہر بزم پر گانے سے تو ان گانوں کے لطف کی کوئی حد نہیں رہتی۔ اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں۔ تو فوراً طلب کریں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ آپ اس کتاب کو دیکھکر تڑپ اٹھیں گے۔

قیمت صرف -/۸/ محصولڈاک -/۱۲/

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی